صحت کی تعلیم سے متعلق پالیسی

جواز

اسکول کا مقصد طلباء کی سمجھ بوجھ میں بہتری لاکر اور صحتمندانہ طرز زندگی کی ستائش کرکے انہیں اسکول سے باہر کی زندگی کے لئے تیار کرنا ہے۔ صحت سے متعلق تعلیم عمر کی مناسبت سے بہت سے موضوعات کو محیط ہے اور اس میں منشیات (جیسے الکحل اور تمباکو) سے متعلق آگاہی، کھانے پینے میں بدنظمی اور جنسی رویے شامل ہو سکتے ہیں۔

مقاصد

اس اسکول میں ہم طلباء کو بذات خود اقدام کرنے کی ترغیب دے کر، خود اپنی صحت اور دوسروں کی صحت کے لئے باخبر انتخابات کرنے اور ذمہ داری پر عمل درآمد کرا کے طلباء کے عزت نفس کو بڑھاوا دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ صحت سے متعلق ہماری تعلیم کا مقصد ہے :

- صحت کے تئیں مثبت رجحانات کو فروغ دینا
- صحت سے وابستہ امور بشمول (عمر کی مناسبت سے) جنسی صحت سے متعلق فیصلہ سازی کی اہلیتوں کو فروغ دینا۔
- طلباء کو فیصلہ سازی میں اور صحت کے سلسلے میں تناؤ کی صورتحال کی دیکھ ریکھ کرنے اور اس کو نمٹانے کی اہلیتیں حاصل کرنے کے قابل بنانا۔
- طلباء کو خود اپنے اور دوسروں کے تئیں ذمہ داریوں کی جانچ پڑتال کرنے اور اسے قبول کرنے کے قابل بنانا۔
- مناسب معلومات کی اساس اور اصل صورتحال سے نمٹنے کی اہلیتیں فراہم کرکے ایک صحتمند ماحول کا انتخاب کرنے اور اسے برقرار رکھنے کے لئے طالب علم کی آگہی کو فروغ دینا۔

رہنما ہدایات

- صحت سے متعلق تعلیم کا انچارج استاد پورے اسکول میں ہونے والے پروگرام کے لئے باہمی ربط کرنے کا ذمہ دار ہے۔
- صحت سے متعلق تعلیم مجموعی نصاب تعلیم کے طور پر اور مقررہ موضوعات دونوں ہی کے ذریعہ فراہم کرائی جاتی ہے جیسے ذاتی، سماجی اور صحت سے متعلق تعلیم (PSHE)
- جہاں مناسب ہوتا ہے، صحت سے متعلق تعلیمی پروگرام کی فراہمی میں امداد کے لئے خارجی ایجنسیوں کو مدعو کیا جاتا ہے۔
- فعال آموزش، گروپ میں کام، امدادی اشیاء کے استعمال، ویڈیوز اور دیگر ذرائع ابلاغ کے استعمال سمیت تدریس کی کئی ایک حکمت عملیاں استعمال کی جاتی ہیں۔
- طلباء کو ہم عمروں اور عملے کے ساتھ اپنی عمر کے گروپ کے لئے مناسب امور پر گفت و شنید کے مواقع دستیاب ہوتے ہیں۔
- طلباء کو امور صحت کے تئیں خود اپنی اقدار اور رجحانات کو دریافت کرنے کے مواقع حاصل ہوتے ہیں۔
- اسکول بنیادی طبی طریق کار جیسے دانتوں کی جانچ، ٹیکہ کاری کی سہولت درون اسکول مہیا کراتا ہے
- صحت سے متعلق امور کی نشاندہی اسکول کی اسمبلیوں میں ہی ہوتی ہے۔
- طلباء کو اس بات سے آگاہ کرایا جاتا ہے کہ جب یہ لگے کہ طالب علم خطرے کے حامل رویے جیسے منشیات کے استعمال میں ملوّث ہے تو، اساتذہ رازداری کی ضمانت پیش نہیں کر سکتے ہیں اس طرح کے حالات میں زیر بحث طالب علم کو قائم مقام استاد کے پاس بھیج دیا جاتا ہے۔